## 13705 ـ سكول میں نماز ادا كرنا چاہتا ہے لیكن نماز كے لیے جگہ نہیں ہے

**سوال**

اگر آپ شام چار بجے تك سكول میں رہیں اور ظہر كی نماز ادا كرنا چاہیں، لیكن نماز كے لیے جگہ نہ ہو تو كیا كرینگے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اللہ سبحانہ وتعالی نے امت مسلمہ پر بہت سے عظیم انعامات كیے ہیں جن میں سے كچھ ایسے انعامات ہیں جو اس امت كے ساتھ خاص ہیں، پہلی امتوں پر وہ انعام نہیں ہوئے، ان خصوصیات میں یہ بھی شامل ہے كہ وہ كسی بھی پاك اور طاہر جگہ پر نماز ادا كر سكتے ہیں، لیكن كسی نجس اور ناپاك یا پھر ممنوع جگہ پر نماز ادا نہیں كر سكتے.

بخاری اور مسلم شریف كی حدیث میں جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے كہ رسول كریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" مجھے پانچ ایسی چیزیں دی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے انبیاء كو نہیں دی گئیں، ایك ماہ كی مسافت پر رعب كے ساتھ میری مدد كی گئی ہے، اور میرے لیے ساری مسجد پاكیزہ اور طاہر بنائی گئی ہے، اور میری امت كے كسی شخص كو بھی جہاں نماز كا وقت ہو وہیں نمازادا كرلے، اور میرے لیے غنیمت حلال كي گئی ہے، اور پہلے نبی خاص كر اپنی قوم كے لیے مبعوث كیا جاتا تھا، لیكن میں سب لوگوں كے لیے مبعوث كیا گیا ہوں، اور مجھے شفاعت دی گئی ہے "

صحیح بخاری حدیث نمبر ( 419 ) صحیح مسلم حدیث نمبر ( 810 ).

اس میں كوئی شك نہیں كہ یہ مسلمانوں پر بہت عظیم نعمت اور آسانی ہے، چنانچہ آپ كو سكول میں كسی بھی پاك صاف جگہ پر نماز ادا كر لینی چاہیے.

مزید اہمیت كے پیش نظر آپ سوال نمبر ( 9455 ) كے جواب كا مطالعہ ضرور كریں.

جن جگہوں پر شریعت نے نماز ادا كرنا ممنوع قرار دیا ہے ان میں درج ذیل جگہیں شامل ہیں:

قبرستان، بیت الخلاء، شامل ہے.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" زمین ساری کی ساری مسجد ہے، ماسوائے قبرستان اور بیت الخلاء کے"

سنن ترمذی کتاب الصلاۃ حدیث نمبر ( 291 ) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ترمذی حدیث نمبر ( 262 ) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اور اسی طرح اونٹ کے باڑہ اور دوسری جگہ جہاں شریعت نماز کی ادائیگی میں حرمت پر دلالت کرتی وہاں بھی نماز ادا کرنا بھی ممنوع ہے.

اور اس میں کوئی شك و شبہ نہیں کہ نماز کا معاملہ ایسا ہے جس میں سستی و کاہلی نہیں کرنی چاہیے، بلکہ آپ وقت نکلنے سے قبل نماز کی ادائیگی کی حرص رکھیں، اور کوشش کریں.

اللہ تعالی آپ کو اپنی اطاعت و فرمانبرداری کرنے کی توفیق نصیب فرمائے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم .